P.R.NO.12/2024

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

ایسوسی ایٹڈ پریس کے وفد کا وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا مطالعاتی دورہ

وفد کو وفاقی محتسب کے کام، طریق کار اور اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی گئی

اسلام آباد(   )ایسوسی ایٹڈ پریس (اے پی پی) کے ایک وفد نے گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کا مطالعاتی دورہ کیا، یہ دورہ وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی مہم کا حصہ ہے، وفاقی محتسب کے سینئر ایڈوائزر ایمبسڈر (ر) عبدالمعز بخاری نے وفد کو وفاقی محتسب کے کام، طریق کار اور اہم اقدامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ وفاقی محتسب نے سال 2023ء کے دوران ایک لاکھ 93 ہزار 28 شکایات کے فیصلے کئے جب کہ اس سال ایک لاکھ 94 ہزار 99 شکایات موصول ہوئیں۔ 85.4 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہوگیا۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے افسران عوام الناس کو ان کے گھر کے قریب خود جا کر انصاف مہیا کر رہے ہیں۔ سال کے دوران ہمارے انسوسٹی گیشن افسران نے ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جا کر 3149 شکایات کے فیصلے کئے جس سے شکایت کنندگان کو سفر کی صعوبت بھی نہیں اٹھانا پڑی اور انہیں گھر کی دہلیز پر انصاف مل گیا۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ برس گیارہ ستمبر کو ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن (اے او اے) کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں پاکستان کے وفاقی محتسب کو 04 سال کے لئے متفقہ طور پر اے او اے کا صدر منتخب کیا گیا جو پاکستان کے لئے بہت بڑا اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے۔ سینئر ایڈوائزر نے بتایا کہ ہمارے افسران کی انتھک محنت نیز کھلی کچہریوں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث عام لوگوں کے مسائل حل کرنے میں بہت بہتری آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ہاں ہر سال شکایات میں اضافہ ہو رہا ہے، سال 2022ء کے دوران ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات موصول ہوئیں جو 2023ء میں بڑھ کر ایک لاکھ 94 ہزار 99 ہوگئیں، جو وفاقی محتسب پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔ وفاقی محتسب کی طرف سے بیرون ملک پاکستانیوں، پنشنروں، قیدیوں بالخصوص قیدی خواتین اور بچوں کی سہولیات کے لئے اٹھائے گئے اقدامات سے بھی وفد کو آگاہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں شکایات کو ثالثی اور مصالحتی انداز میں نمٹانے کا پروگرام (Informal Resolution of Disputes(IRD اپریل 2022ء میں کچھ دفاتر میں شروع کیا گیا جو بہت کامیاب رہا ہے، اس سے غریب لوگوں کے بہت سے مسائل حل ہو رہے ہیں۔ اب یہ سہولت وفاقی محتسب کے تمام علاقائی دفاتر میں مہیا کر دی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کے بڑے شہروں اور دور دراز علاقوں میں وفاقی محتسب کے 18 علاقائی دفاتر اور 04 شکایات مرکز کام کر رہے ہیں جب کہ عوام الناس کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے کے لئے پسماندہ علاقوں میں مزید دفاتر قائم کئے جائیں گے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

08 مارچ 2024ء